بہترین تفریحی فلم

कोबरा गर्ल

کوبرا گرل

اداکاران

راگنی - مہی پال

مارُتی - تیواری

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

کوبرا گرل فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

نگاہوں سے دل کا سلام آ رہا ہے
محبت کا پہلا پیام آ رہا ہے
قیامت نہیں یہ تو پھر اور کیا ہے
کہ لب پہ تیرے میرا نام آ رہا ہے
یہ وہ آ رہے ہیں خراماں خراماں
یا گردش میں ساقی کا جام آ رہا ہے
تیرے دل میں بھی کچھ تڑپ اٹھ رہی ہے
جو عشق میرا بھی کام آ رہا ہے

گانا نمبر ۲:- آنکھ ملی تو دل دھڑکا
دل دھڑکا تو شعلہ بھڑکا
ہو جا کسی کا تو بھی ہو جا۔ ذرا کھو جا ہے ڈر کس کا
پھرے دیوانے خوشی سے بیگانے
کسے ہے مستانے کل کا پتہ
دیکھو سماں بھی ہے گلابی۔ نظر بھی شرابی زمانہ بھی جوبن
جانے یہ کیا ہے مدہوشی۔ یہ کیسی بے ہوشی جو چڑھی ہے یہاں
دل جو گھبرائے قدم تھرائے
سمجھ میں نہ آئے یہ کیا ہوا

ہائے تمہاری نظر پائے تمہاری نظر سائے لگی یہ دل کی
جلنے کیا رنگ لائے یہ بڑھتی ہی جائے آنکھوں کی مستی
اب تو مٹو اے دل تیرے حوالے
جیسے بھی رنگ ڈالے تیری رضا

گانا نمبر ۳۔ کر گیا دیکھو جھوٹا وعدہ
پیار کا بے ایمان بالما
جانے نہ حال دل بے قرار کا بے ایمان بالما
نہ پوچھو اس محفل میں ستم کیا ہم نے دیکھا
حسن نے زنجیروں میں نگیں کو رونے دیکھا
مگر پھر بھی نہ اٹھا نے کیوں انجان بالما
نظر نے ایسی قاتل جگر کے ٹکڑے کر دے
جو آ جائے مستی میں دلوں کے پیالے بھر دے
ذرا سنبھلو کہ آیا پیار کا طوفان بالما

گانا نمبر ۴۔ نظر کو سنبھالو یہ کیا ہو رہا ہے
مرا دل ہی مجھ سے جدا ہو رہا ہے
نظر کی خطا ہے نا دل کی خطا ہے
ہمیں بھی پتہ ہے تمہیں بھی پتہ ہے
یہ جادو ہے الفت کا جو چل گیا ہے
جو ہونا تھا آخر وہ ہی ہو رہا ہے
بڑھتی جا رہی ہے مری بے قراری
نا تھی دل پہ ایسی کبھی بے اختیاری

دیا درد جو بھی نظر نے تمہاری
وہ ہی درد بڑھ کے دوا ہو رہا ہے
محبت کی شمع تو جلتی رہے گی
دلوں کی تمنا مچلتی رہے گی
یہ وہ داستاں ہے جو چلتی رہے گی
زمانہ تو یوں ہی خفا ہو رہا ہے

گانا نمبر ۵ :- بابل کی لاڈلی مّیا کی پیاری
چلی پرائے دیش رے
مہندی رچاؤ ری کنگنا پہناؤ ری
گوندھو ری گوری کے کیس رے
من بن چہک رہی ہیں کلیاں
انکھیاں تو ڈھونڈ رہی سجنا کی گلیاں
جس انگنا میں بچپن کھیلا
آج وہی ہے بدیس رے
گھونگھٹا اٹھائیں گے جب آکے سانوریا
ہو لاج کے مارے جھک جائے گی نظریا
تو نہ کہنے تو کہہ دیں گی انکھیاں
پیا سے من کا سندیس رے
تاروں کی چنری تو ہے بھیا اوڑھائے
چار کہار تورے ڈولیا اٹھائے
گلے لگا کے رو دئے ہے میّا

بنتی چلی پردیش رے گگری
ماتھے کی بندیا لہو میں بھر گئی
لُٹ گئے ری قیمت یہ کیا کر گئی
لُٹ گیا گجرا ہٹ گیا گجرا
بدلا دُلہنیا کا بھیس رے

گانا نمبر ۱۶ جادوگر دیکھو کیسا یہ جادو کئے جائے
منہ ہائے بنا لو پیچھے جیارا لئے جائے
خوشبوؤں کے پنکھ رے تے اُڑدں میں ہواؤں میں
چھم چھم ناچوں جیسے بجلی ہو بادلوں میں
ہائے کیسے یہ جادو سمجھ نہیں آئے
نظروں میں ڈالے ایسے ظلمی نجریا
کھینچی چلی آئے میرے من کی نگریا
مجھے بے بس بنا کے بڑا ہی تڑپائے
جیسے چاہے ویسے ہی نچائے وہ اشاروں پہ
جیسے کٹ پتلی ناچے اُنگلی کے تاروں پہ
وہ تو دیکھے تماشہ ترس نہیں کھائے

گانا نمبر ۱۷ ارے کھا کے زہر مر جیو رے
ہو آ دل نہ کہیں لگیو رے
کہ دھوکا کھائے کے دوئی نین کا
کاہے جان گنوائیو
بڑا پچھتائے نجریا ملائی کے

تیرا دکھ بانٹے توری گلی آئی کے
ہم نے تو سمجھی نا ہی ہیریت ہماری
ہیریت میں دھوکا نہیں ریت ہماری
رام قسم چاہے مالو نہ مالو
ذرا پھر دیکھو نجر ملائی کے
ہم پہ چلے گا نا آنکھوں کا جادو
آنکھیں کا جادو تیری باتوں کا جادو
پتھر کے سینے میں دل نہیں ہوتا
کاغذ کے پھولوں میں ہوتی نہیں خوشبو
کہہ دیکھ لیا تجھ کو اپنا بنائی کے
دل سے لگا لے پھر دن تیری نشانی
ہے یہ نشانی ہی موری کہانی
میں نے تو تورے لئے دُنیا لٹا دی
تو نے سانوریا قدر نا جانی
نا جاؤ گے دل سے اور دل میں سما کے
جان گئے کیا ہے جو تیرا اشارہ
مان لیا سچا ہے جو پیار تمہارا
نام ہی چھوٹے نہ ہم ہی چھوٹے
پیار میں کوئی نہ جیتا نہ ہارا
تو آؤ دل جائیں
او ہنس کے ہنسائے کے

گانا نمبر ۷:۔ ہمیں سہارا ایک تمہارا
ہمیں سہارا ایک تمہارا
تو ہی بتا کہاں جائیں چاروں اور اندھیرا
تو ہی چاہئے تو ہو جائے پل میں اجیارا
تیری ہی آنکھوں کے آگے یہ انیائے
پل ذرا تو کیسے تجھ سے یہ دیکھا جائے
بتا تو نے بھی کیوں آج ہمیں بسارا
تیرے دوارے آکے کوئی جائے نہ خالی
دانا کیں بھی آئی بن کے ایک سوالی
تیرے سوا کس سے کہیں
تو ہی جانے حال مورا
ہو چکی ہے حد ستم کی
اب سہا نہ جائے گا
چپ رہے ہیں بہت دیر
اب رہا نہ جائے گا
بن کے بجلی روک دے تو
ظلم کے ستار کو
بن کے طوفان توڑ دے تو
پاپ کی دیوار کو
تیرے ہاتھوں میں ہے دنیا۔ اب میری تقدیر کی
تو جو چاہے تو ناگ بن جائے کڑی زنجیر کی

ختم شد